## جیواوراےآروائی کی نشریات پرعائدکی گئی پابندیاں فی الفورختم کی جائیں،میڈیاسےتصادم سےگریزکیاجائے۔الطاف حسین

## حکومت صحافی برادری،کیبل آپریٹرزاورہاکرزکوتشددکانشانہ بنانےکاسلسلہ بندکرائےاورانہیں جانی ومالی تحفظ فراہم کیاجائے

## ٹی وی چینلزکی بندش،کیبل آپریٹرزپرحملے،اخبارات نذرآتش کرنےاورغریب ہاکرزکوتشددکانشانہ بنانےکےواقعات حکومت کی بدنامی کاسبب بن رہے ہیں

## کراچی میں ٹی وی چینل اورکیبل آپریٹرزکےدفاترپرحملےاورتوڑپھوڑاظہاررائےکی آزادی پرکھلاحملہ ہیں

## لاہورمیں لیڈزکیبل آپریٹرزکےدفاترپرحملےکی مذمت،صحافی برادری،کیبل آپریٹرزاورہاکرزسےالطاف حسین کااظہاریکجہتی

لندن۔۔۔11 اگست 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کراچی اورلاہورسمیت ملک کے مختلف شہروں میں جیونیوز اوراےآروائی اورکیبل آپریٹرز کے دفاتر پرمسلح افراد کے حملے اورتوڑ پھوڑ کی شدید مذمت کی ہے اوراسے صحافت اوراظہاررائے کی آزادی پرکھلاحملہ قرار دیا ہے۔اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ آج پوراپاکستان سیلاب کی تباہ کاریوں کا شکار ہے،پورے ملک میں قیامت صغریٰ مچی ہوئی ہے،ایسے میں پاکستان اور دنیا بھر کے عوام کوحالات وواقعات سے آگاہی کی اشد ضرورت ہے،ایسے میں ٹی وی چینلز کی بندش،کیبل آپریٹراور ہاکرز پر حملے انتہائی قابل مذمت ہیں۔جناب الطاف حسین نے لاہور میں لیڈزکیبل آپریٹرز کے دفاتر پر حملے کی شدید مذمت کی اور پوری صحافی برادری،کیبل آپریٹرزاور ہاکرز سے بھرپوریکجہتی کااظہارکرتے ہوئے کہاکہ ایم کیوایم آزادی صحافت پرمکمل یقین رکھتی ہے اورسمجھتی ہے کہ ٹی وی چینلز کی بندش،کیبل آپریٹرز پر حملے ،اخبارات کی کاپیاں نذرآتش کرنے اورغریب ہاکرزکوتشددکانشانہ بنانے کے واقعات کوکسی بھی صورت میں درست اور جائزقرارنہیں دیاجاسکتا،ایم کیوایم سمجھتی ہے کہ میڈیاکےخلاف پیش آنے والے یہ واقعات حکومت کی بدنامی کا سبب بن رہے ہیں لہٰذاحکومت کوچاہیے کہ ٹی وی چینل کی نشریات پرکسی بھی طریقے سے عائدکی گئی پابندیاں فی الفورختم کرائے،میڈیاسےتصادم سے گریزکیاجائے،صحافی برادری،کیبل آپریٹرزاور ہاکرزکوتشددکانشانہ بنانے کا سلسلہ بندکرایاجائے،انہیں جانی ومالی تحفظ فراہم کیاجائے اور صحافتی آزادی کویقینی بنایاجائے۔

## پاکستان سمیت دنیابھرکےمسلمانوں کوالطاف حسین کی جانب سےرمضان المبارک کی دلی مبارکباد

لندن۔۔۔11 اگست 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے پاکستان سمیت دنیا بھر کے مسلمانوں کورمضان المبارک کی دلی مبارکباد پیش کی ہے۔اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہاہے کہ اس سال رمضان المبارک ایک ایسے موقع پرآیاہے کہ جب پورا ملک سیلاب میں ڈوباہواہے اور ہرطرف تباہی اور بربادی کے مناظر دکھائی دیتے ہیں۔انہوں نے عوام سے کہا کہ وہ رمضان کے اس مقدس مہینے میں سیلاب زدگان کوضروریادرکھیں اوران کی حتی المقدور مددکریں اوردعا کریں کہ اللہ تعالیٰ ملک کومزیدقدرتی آفات اورتباہی سے محفوظ رکھے اورمصیبت زدگان کی غیب سے مددکرے۔

## گلگت ضلع دیامیرکےنواحی گاؤں گیس بالامیں آسمانی بجلی گرنےسےہلاکتوں پرالطاف حسین کااظہارِافسوس

لندن۔۔۔11،اگست 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے گلگت ضلع دیامیر کےنواحی گاؤں گیس بالا میں آسمانی بجلی گرنے کے واقعہ میں متعددافراد کی ہلاکتوں پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہارکیاہے۔اپنے تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحومین کے سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور کہا کہ اس قدرتی واقعہ پرمجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطافرمائے اورسوگوار لواحقین کوصبرجمیل عطافرمائے۔ا(آمین)

## میڈیکل ایڈکمیٹی کے وفد نے رابطہ کمیٹی کے ہمراہ یادگارِشہدائے حق پر حاضری

کراچی ۔۔۔۔ 11، اگست 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ میڈیکل ایڈکمیٹی کے وفد نے ایم کیوایم رابطہ کمیٹی کے رکن گلفراز خان خٹک کے ہمراہ گزشتہ روز جناح گراؤنڈ عزیز آباد میں یادگارِشہدائے حق پر حاضری دی اور پھولوں کی چادر چڑھائی۔اس موقع پر وفد نے حق پرست شہداء کی قربانیوں کوخراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے شہداء کی روح کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی بھی کی اورتعزیتی کتاب میں اپنے خیالات قلمبند کئے۔

## باشعورقومیں تمام تر مشکلات ظلم وجبراور کٹھن حالات کے باوجود ہمت وحوصلہ نہیں ہارتیں، کنور خالد یونس

کراچی ۔۔۔۔ 11، اگست 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن کنور خالد یونس نے کہا ہے کہ باشعورقومیں تمام تر مشکلات ظلم وجبراور کٹھن حالات کے باوجود ہمت وحوصلہ نہیں ہارتیں، بلکہ منزل کے حصول کیلئے اپنی آخری سانسوں تک جدوجہد جاری رکھتی ہیں ان خیالات کا اظہار گزشتہ روز خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں کراچی مضافاتی کمیٹی کے ذمہ داران سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پر کراچی مضافاتی کے انچارج فرخ اعظم واراکینِ کمیٹی سمیت مختلف سیکٹرز و یونٹس کے ذمہ داران بھی موجود تھے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کی جدوجہد اُصول اورحق پرستی پر مبنی ہے اور ملک میں ظلم وجبر ناانصافی اوراستحصالی نظام کے خلاف ہے اور ایسی جدوجہد بہت کٹھن دشوار ہوتی ہے کیونکہ حق پر چلنے والی تحریکیوں کا کچلنے کیلئے جبر کی قوتیں اپنے مذموم مقاصد حاصل کرنے کیلئے اپنی تمامتر صلاحیتوں کو بروئے کار لاتیں ہیں۔انہوں نے کہا کہ اس وقت ملک کی مظلوم عوام اپنے بنیادی حقوق سے محروم ہیں اور وہ موجودہ صورتحال کے باوجود ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کا ساتھ ہیں کیونکہ انہیں معلوم ہیں کہ اگر اس ملک میں کوئی غریبوں کی آواز کو سننے والا ہے تو وہ صرف قائد تحریک جناب الطاف حسین ہے جس نے مظلوم ومتوسط طبقے کی عوام کے حقوق کیلئے جاگیردارانہ وڈیرانہ نظام کے خلاف آوازحق کو بلند کیا ہوا ہے۔انہوں نے کہا کہ ہمیں ایم کیوایم کے خلاف ہونے والی تمامتر سازشوں سے بخوبی واقف رہنے کیلئے ضروری ہے کہ حالات پر کڑی نظر رکھی جائے اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی تعلیمات پر عمل پیرا ہوکر ملک میں انقلابی تبدیلی کیلئے متحد ومنظّم ہوکر اجتماعی مفادات کے حصول کیلئے جدوجہد کریں انہوں نے ذمہ داران کو ہدایات دیں   کہ وہ تاریخ کا مطالعہ کریں اپنا احتساب کریں اور تحریک کے پیغام کوزیادہ سے زیادہ فروغ دینے کیلئے اپنی تمامتر صلاحیتوں کو بروئے کار لائیں اور تحریکی لٹریچر کا بغور مطالعہ کریں اور حالات پر کڑی نظر رکھیں اور اپنے اندر احساس ذمہ داری کو پیدا کریں اپنی انا کوفنا کریں آپس میں اتحاد و یگانگت کو پیدا کریں کیونکہ ہمارا اتحاد ہی سازشی عناصروں کے ہرناپاک عزائم کا خاتمہ کرے گا انشااللہ اور وہ دن ضرور آئے گا جن اس ملک میں غریبوں کی حکمرانی قائم ہوگی۔اس موقع پر کراچی مضافاتی کمیٹی مرکزی کمیٹی کے ذمہ داران نے بھی اپنے خیالات کا اظہار کیا۔

## خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت کراچی سمیت سکھراور حیدرآباد میں امدادی سرگرمیاں

## ایم کیوایم سکھراور حیدرآباد بیس کیمپوں اور مختلف علاقوں میں عوام کو غذائی اجناس اور کھانا تقسیم کیا گیا

## ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن اشفاق منگی حق پرست نمائندوں کا سکھر غوث پور، کرم پور، کندھ کوٹ کا دورہ اور متاثرین سے ملاقات

کراچی ۔۔۔ 11، اگست 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی ہدایت پر خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت سندھ میں سیلاب اور بارشوں سے متاثرہ عوام کی مدد کیلئے امدادی سرگرمیاں مزید تیزی کردی گئی ہیں اور سلسلے میں بدھ کے روز خدمت خلق فاؤنڈیشن کے مرکزی دفتر واقع فیڈرل بی ایریا سمیت سکھراور حیدرآباد کے ریلیف بیس کیمپوں پر حق پرست عوام کی جانب سے بھاری مقدار میں امدادی اشیاءخوردونوش آٹا، چاول، دالیں، گھی، شکر، نمک، مصالحہ جات، خشک دودھ اورادویات کے علاوہ واٹر کولر، منرل واٹر، خیمے، گدے، چادریں، ملبوسات، برتن، صابن وغیرہ اوراورنقدعطیات جمع کروائے جنھیں رابطہ کمیٹی کے ارکان نے خود وصول کیا۔دریں اثناء ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان سید شعیب احمد بخاری، محترمہ نسرین جلیل، شاہد لطیف، گلفراز خان خٹک، رضا ہارون نے حق پرست منتخب اراکین اسمبلی اور ایم کیوایم کے دیگر ذمہ داران کے ہمراہ خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر کا دورہ کیا اور امدادی سرگرمیوں میں مصروف کارکنان سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ سیاست برائے خدمت ایم کیوایم نصب العین ہے اور قائد تحریک الطاف حسین نے ہمیشہ دکھی انسانیت کی بے لوث خدمت کا درس دیا یہی وجہ ہے کہ ایم کیوایم روزاول سے مصیبت زدہ عوام کی خدمت کررہی ہے۔انہوں نے امدادی کاموں میں مصروف ایم کیوایم کے کارکنوں اورخدمت خلق

فاؤنڈیشن کے رضا کاروں سے امدادی سامان سے متعلق معلومات حاصل کی۔اس موقع پر کارکنان ورضا کاروں نے انہیں بتایا کہ تمام کارٹن میں آٹا، چاول، دالیں، گھی، شکر، نمک، مصالحہ جات، چائے کی پتی، خشک دودھ کے علاوہ ماچس، منرل واٹر اور برتن شامل ہیں اس طرح پیک کیا گیا ہے کہ یہ دس سے بارہ افراد پر مشتمل ایک خاندان کیلئے ایک ماہ کا مکمل راشن ہے۔انہوں نے بتایا کہ اس طرح کے سینکڑوں کارٹن تیار ہوچکے ہیں جو کسی بھی وقت متاثرین تک بھیجنے کیلئے تیار ہیں جبکہ مزید کارٹن تیار کیے جارہے ہیں۔سید شعیب احمد بخاری اور نسرین جلیل نے کارکنان اور رضا کاروں کے انتھک محنت پر انہیں شاباش دی اور قائد تحریک الطاف حسین کی جانب سے خراج تحسین پیش کیا۔کراچی کی طرح سکھر اور حیدرآباد بیس کیمپوں پر میں بھی امدادی سامان کی پیکنگ کا سلسلہ جاری ہے اوران شہروں میں موجود رابطہ کمیٹی کے ارکان وحق پرست نمائندے ریلیف بیس کیمپوں کا دورہ رہے ہیں جبکہ سکھر میں موجود ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن اشفاق منگی نے صوبائی وزیر برائے ماحولیات شیخ افضل، اندورنِ سندھ تنظیمی کمیٹی کے انچارج عمر قریشی اور سکھر کے زونل انچارج قطب الدین وارا کین کمیٹی کے ہمراہ اسلامیہ سائنس کالج، ڈگری سائنس کالج سکھر، غوث پور، کرم پور، کندھ کوٹ اور شکار پور سمیت دیگر علاقوں کا دورہ کیا اور سیلاب و بارشوں سے شدید متاثرین میں کھانے پینے کی اشیاء تقسیم کیں۔حیدرآباد ریلیف بیس کیمپ سے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان، حق پرست نمائندوں اور حیدرآباد زونل کمیٹی کے انچارج و اراکین نے حیدرآباد ریلیف کیمپ کا دورہ کیا اور وہاں پر امدادی سرگرمیوں کے حوالے سے کاموں کا جائزہ لیا، انہوں نے امدادی کاموں میں دن رات مصروف ایم کیوایم کے کارکنان کو شاباش دی اور قائد تحریک الطاف حسین کی جانب سے انہیں خراج تحسین پیش بھی کیا۔

## جامعہ این ای ڈی کے معصوم طلبا وطالبات پر جمعیت کے غنڈہ عناصر کا تشدد نا قابل برداشت ہے

کراچی۔۔۔11، اگست 2010ء

آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن کی مرکزی کابینہ نے جمعیت کے غنڈہ عناصر کی جانب سے جامعہ این ای ڈی کے معصوم و نہتے طلبا وطالبات اور اساتذہ کرام پر تشدد کرنے کے واقعہ پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے۔اپنے مشترکہ مذمتی بیان میں انہوں نے کہا کہ گزشتہ روز جماعت اسلامی کی بغل بچہ تنظیم جمعیت کے غنڈہ عناصر نے ناظم جامعہ شاہد کی سرپرستی میں معصوم طلبا وطالبات اور اساتذہ کرام پر حملہ کیا جس کے نتیجے میں متعدد طلبہ شدید زخمی ہوگئے۔انہوں نے اس واقعہ کو ملک میں تعلیم کے خلاف ایک سازش قرار دیا ہے جسکی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔انہوں نے کہا کہ جمعیت کے غنڈہ عناصر نے اپنی سیاسی پالیسی کے تحت ایک بار پھر تعلیمی اداروں میں دہشت گردی کے واقعات کو فروغ دینے کیلئے حکمت عملی تیار کی ہے اس ہی سلسلے کی کڑی ہے کہ جمعیت کے غنڈہ عناصر تعلیمی اداروں میں آزادانہ طور پر اپنی دہشت گردی کے ذریعے طلبہ میں اپنی جبری دہشت قائم کرنا چاہتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ یہ واقعہ اس وقت پیش آیا جب جامعہ میں روزمرہ کے تعلیمی اور دفتری امور جاری تھے اور کلاسوں میں تدریس کا عمل جاری تھا۔انہوں نے کہا کہ جمعیت ایک بار پھر اپنی منافقانہ پالیسی پر عمل پیرا ہوکر معصوم طلبہ کے مستقبل سے کھیلنا چاہتی اور یہی وجہ ہے کہ جامعہ کے پُرامن تعلیمی ماحول کو سبوتاژ کرنے کیلئے جمعیت کے غندہ عناصر نہیں چاہتے ہیں کہ جامعہ میں تدریسی عمل تسلسل کے ساتھ جاری رہے ہم انہیں متنبہ کرتے ہیں کہ وہ اپنی دوغلی پالیسی سے باز رہیں اور معصوم طلبہ اور اساتذہ کرام کیساتھ کی جانے والی شرمناک حرکت پران سے معافی مانگے۔انہوں نے گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد، وزیراعلیٰ سندھ قائم علی شاہ، اور صوبائی وزیر داخلہ ذوالفقار مرزا اور قانون نافذ کرنے والے اداروں سے مطالبہ کیا ہے کہ اس واقعہ میں ملوث جامعہ این ای ڈی کے ناظم شاہد اور دیگر غنڈہ عناصر کو گرفتار کرکے قرارواقعی سزادی جائے اور طلباء طالبات اور اساتذہ کرام کی جان ومال کے تحفظ کو یقینی بنایا جائے۔

☆☆☆☆☆